NEWS RELEASE

# بجٹ ۲۰۱۷: ایک مضبوط متوسط طبقے کی تعمیر

مارچ ۲۲، ۲۰۱۷ آٹوا اونٹاریو خزانہ کینیڈامحکمہ

بجٹ ۲۰۱۷ حکومت کی نئی ملازمتوں کی ساخت کرنے اور متوسط طبقے کو مضبوط بنانے کے طویل مدّتی منصوبے کا اگلا قدم ہے۔ کینیڈا اعلی تعیم یافتہ اور انتہائی ہنرمند ملازمین کا مقام ہے، لیکن جیسے جیسے کام کے جگہے کی مطالبات بدلتی جا رہی ہیں، تو اس کے ساتھ ساتھ ملازمین اپنے کام پر جو تعلیم اور ہنر لے کر آتے ہیں، انہیں بھی بدلنا ضروری ہے۔ معیشت کی تبدیلیاں بے انتحا مواقع پیش کرتی ہیں – یہاں اپنے ملک میں اور دنیا بھرمیں، دونوں جگہوں میں – متوسط طبقے کے لیئے اور ان لوگوں کے لیئے جو اس میں شامل ہونے کے لیئے سخت محنت کر رہے ہیں۔

جدّت طرازی، ہنُر، شراکت داریوں اورعدل پر مضبوط توجّہ مرکز کے ذریعے بجٹ ۲۰۱۷ ، کینیڈا کے تمام شہریوں کے لیئے ایک خوشحال تر مستقبل کو یقینی بنانے کے اگلے اقدام لیتا ہے۔ یہ سخت محنتیوں، باصلاحیتوں اورتخلیق کاروں کی مدد کرتا ہے، تاکہ وہ ہمارے کامیاب ترین صنعتوں اور تیزی سے بڑھنے ولے کمپنیوں کواور آگے بڑھانے کے لیئے ضرورتی ہنروں کو اُبھار پایئں۔ اور یہ ذہنی صحت، گھر میں دیکھ بھال اوراِنڈائحینس یعنی مقامی باشندوں کی صحت کی دیکھ بھال پر مرکزِ توجّع کے ذریعے، کینیڈا کے شہریوں کی خوشحالی کے لیئے سرمایا کاری کرتا ہے۔

آج وزیرِخزانہ بِل مورنو نے حکومت کا دوسرا بجٹ پیش کیا ہے – *ایک مضبوط متوسط طبقے کی تعمیر* – جو کے مسلسل متوسط طبقے کو ان کی زندگی کے ہر قدم پر سرمایا کاری کر رہا ہے، ہمارے محلّوں اور کمیونٹیز کو تبدیل کر رہا ہے، اور ہر کینیڈین کو کامیابی کا ایک سچّا اور عدل موقع دے رہا ہے۔

بجٹ ۲۰۱۷ کرے گا:

- **کینیڈا کے کارکنوں کو وہ ہنر اور آلات مہیّا کرے گا جن کی انہیں ایک بدلتی ہوئی معیشت میں ضرورت ہے ۔** بجٹ کینیڈا ۲۰۱۷ ، کینیڈا کے ہُنرمندوں، با صلاحیتوں اور تخلیق کاروں کو جدّت طرازمعیشت کے مرکز میں لا کر ڈالتا ہے۔ یہ ذہین سرمایا کاری کرتا ہے تاکہ بالغ کارکن دوبارہ تربیت لے پائیں یا اپنے ہنر کے رتبے کو بڑھا پایئں جس کے ذریعے سے وہ نئی معیشت کی تبدیلیوں کے ساتھ مطابقت کر پایئں، اور تاکہ نوجوان کی مدد ہو پائے کہ وہ اپنے پیشوں کو شروع کرنے کے لیئے جن ہنر اور کام کے تجربوں کی ضرورت ہے ، انہیں وہ حاصل کر پایئں۔
- **کینیڈا کے سب سے پہلے جینڈر اسٹیٹمینٹ یعنی صنفی بیان کے ذریعے صنفی مساوات کی طرف ایک ضروری قدم لے گا،** جو کہ پالیسی کو بنانے میں صنفی کے کردارکے بارے میں مسلسل جاری طور پر، کھلم کھلا اور شفاف مباحثے کا بنیاد ہے ۔
- کینیڈا کے خاندانوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے **کینیڈا کی سرکاری سرمایہ سے چلنے والے عالمگیری طبّی نظام کو مضبوط بنائےگا۔** بجٹ ۲۰۱۷ بہتر ہوم کیئر اور دماغی صحت کے نئے اقدام کے ذریعے، جس سے کہ ان خاندانوں کو مدد ملے گی جنہیں ان کی سب سے زیادہ رورت ہے، حکومت کے ۱۲ صوبوں اور علاقوں کے ساتھ کیئے ہوۓ، صحت کے لیئے سرمایہ مہیّا کرنے کے تاریخ میں یادگار سمجھوتوں کی صداقت کرتا ہے۔
- سبز بنیادی ڈھانچوں میں، جو گرین ہاؤس اخراج کو کم کرتا ہے، شفاف ہوا اورمحفوظ پینے کا پانی مہیّا کرتا ہے اور قابلِ تجدید توانائی کو فروغ دیتا ہے، سرمایہ کاری کر کے، **کینیڈا کی شفاف پیداوار پر منحصر معیشت کو تعمیر کرنے کی کوششوں کو آگے بڑھائے گا۔** بجٹ ۲۰۱۷ پَین کینیڈیئن فریم ورک آن کلین گروتھ اینڈ کلائمیٹ چینج کے تعاون کے لیئے اہم اقدام بھی لیتا ہے،

- اس بارے میں مدد کرتے ہوئے کہ یقین دہانی ہو کہ کینیڈا کے شہری مستقبل کی ملازمتوں تک پہنچ پائیں، **کینیڈا کو ایک بدلتی ہوئی معیشت کے سربراہی کنارے پر لا کر کھڑا کرے گا۔** بجٹ ۲۰۱۷ کمپنیوں کو عالمگیری سطح پر رابطہ قائم کرنے میں مدد کرتا ہے، ماڈرن چیلنجوں کو حل کرنے کے لیئے جدید اور باہمی تعاون کے ساتھ قدم لیتا ہے اور کاروباروں کو ان چیزوں کو حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے، جن چیزوں کے ذریعے وہ ترقّی کر پائیں گے۔

- جلد تربیت حاصل کر پانے، بچّوں کی دیکھ بھال کی بندوبست تک پہنچ پانے اور مناسب دام پر گھر پانے کے نظام میں ترقی کر کے، **مضبوط تر کمیونٹی کی تعمیر کر کے۔** بجٹ ۲۰۱۷ کینیڈا کے تمام شہریوں کی معیارِزندگی کو ترقّی یافتہ کرنے لیئے ٹھوس عمل اختیار کرتا ہے، مزید تہزیبی اور تفریحی مرکزوں کے ذریعے، اور محفوظ اور قابلِ رسائی سرکاری کھلی جگہوں کے ذریعے۔

- بنیادی ڈھانچہ اور فرسٹ نیشنس اینڈ اینوئٹ ہیلتھ میں سرمایہ کاری کرکے، انڈائیجینس کمیونٹی یعنی مقامی باشندوں کو مضبوط بنانے کے اعمال کے ذریعے، تعلیم و تربیت کے تعاون میں مالی امداد مہیّا کر کے، اور زبان اور تہزیبی احیائے کی ترقّی کے کےاقدام لے کر، **انڈائیجینس پیپلس کے ساتھ مفاہمت کو آگے بڑھا ئے گا۔**

- **متوسط طبقے کے لیئے محصول کے نظام کو مزید انصاف مند بنائے گا۔** بجٹ ۲۰۱۷ ٹیکس کمیان کو دور کرے گا، ٹیکس گریزی پرسخت گیری کرے گا، افراد کے لیئے اور خاندانوں کے لیئے موجودہ ٹیکس کے طریقوں کی اصلح کرے گا اور ان طریقوں کو نکال باہر کرے گا جو کہ غیر موثر ہیں اور اب کوئی اثر نہیں رکھتے۔ بجٹ ۲۰۱۷ کے ذریعے حکومت ٹیکس کے ان طریقوں کے اختتام کے لیئے اقدام بھی لے گا جو امیروں کے لیئے غیر متناسب طور پر فائدہ مند ہے۔

آج عمل کرتے ہوئے – ان چیزوں میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے جن میں کینیڈینس کو اب اورآ ئندہ مستقبل میں کامیابی حاصل کرنی ہے – بجٹ ۲۰۱۷ ایک ابھرتا ہوئا معیشت مہیّا کرے گا، جو کہ ہر کینیڈیئن کے لیئے فائدہ مند ہو گا۔

**اقتباس**

"بجٹ ۲۰۱۷ ملازمت کے بارے میں ہے، یہ آج متوسط طبقے کے لیئے اچھی ملازمتیں پیدا کرنے کے بارے میں ہے، اور بیک وقت کینیڈیئنس کو کل کی ملازمتوں کے لیئے تیار کرنے کے بارے میں ہے۔ کینیڈا کی معیشت کے منصوبہ بندی میں ہمارا اگلا قدم ہے کہ ہم ایسے ذہین اور ذمّادارانہ سرمایہ کاری کریں، جس سے ہم جدید طرازی اور مقابلتی ہو پائیں، جبکہ ساتھ ساتھ ہم اپنی کمیونٹی کی صحت کی ترقّی کر پائیں ، جس سے ہمارے بچّوں اور پوتے پوتیوں/نواسے نواسیوں کی بہتر مستقبل کا یقینی قرار ہو۔"

*بِل مورو، وزیرِخزانہ*

**متعلقہ مصنوعات**

- بجٹ کا منصوبہ
- بجٹ کی تقریر
- فیکٹ شیٹ یعنی معلومات پر مبنی دستاویز
- جنوری ۲۰۱۷ کے لیئے *دا فِسکل مانیٹر*




**ذرائع ابلاغ رابطہ کر سکتے ہیں:**


اینی ڈونولو
پریس سیکریٹری
آفس آف دا منسٹر آف فائنانس
annie.donolo@canada.ca
613-769-7187

میڈیا ریلیشنس
ڈپارٹمینٹ آف فائنانس کینیڈا
fin.media-media.fin@canada.ca
613-369-4000


**عام پوچھ گچھ**


فون: ٦١٣-٣٦٩-٣٧١٠
فیکس: ٦١٣-٣٦٩-٤٠٦٥
ٹی ٹی وائی: ٦١٣-٣٦٩-٣٢٣٠
ای میل: fin.financepublic-financepublique.fin@canada.ca